# 6th India-EU Cyber Dialogue

December 17, 2020

---

**ہندوستان۔ یورپی یونین کے مابین 6 ویں سائبر ڈائیلاگ**

17 دسمبر، 2020

ہندوستان۔ یورپی یونین کے مابین 6 ویں سائبر ڈائیلاگ کی میزبانی بھارت نے ورچوئل طریقے پر 14 دسمبر 2020 کو کی۔ ہندوستانی وفد کی سربراہی وزارت برائے امور خارجہ کے سائبر ڈپلومیسی ڈویژن میں جوائنٹ سکریٹری ڈاکٹر ایس جناکیرمن نے کی، جبکہ یوروپی یونین کے وفد کی سربراہی ای ای اے ایس کے سیکیورٹی اینڈ ڈیفنس کے ڈائریکٹر محترمہ جوانکی بلفورٹ نے کی۔

دونوں فریقین نے عہد حاضر کے امور سمیت سائبر اسپیس میں تعاون کے مختلف پہلؤوں پر تبادلہ خیال کیا، اس کے ساتھ ساتھ اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم جی جی ای اور او ای ڈبلیو جی میں سائبر اسپیس میں استحکام پر کثیر الجہتی اور علاقائی تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا، اور ساتھ ساتھ میں او ایس سی ای اور اے آر ایف میں متعلقہ بات چیت سمیت علاقائی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا، اس کے علاوہ یوروپی یونین سائبر ڈپلومیسی ٹول باکس؛ اس میں سائبر کرائم اور صلاحیت سازی میں تعاون؛ عصر حاضر کے مسائل اور سائبر پالیسیوں پر تبادلہ سمیت انٹرنیٹ گورننس؛ سائبر سے متعلق نئی ٹیکنالوجیز کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

دونوں فریقین نے ایک کھلے، آزاد، محفوظ، مستحکم، پرامن اور قابل رسائی سائبر اسپیس کے لئے کام کرنے کے عزم کی تاکید کی، جس سے معاشی نمو اور جدت کاری کے میدان میں عمل کیا جا سکے۔ سائبر اسپیس کے بہت سارے معاملات پر دونوں فریقین کے نظریات میں اتفاق پایا گیا۔ انہوں نے سائبر اسپیس اور اس کے گورننس سے متعلق جیسے قانون کی بالادستی، جمہوری اقدار اور بنیادی آزادیوں جیسے دونوں معاشروں کی بنیادی اقدار پر عمل کرنے کی ضرورت کو تسلیم کیا۔

دونوں فریقین نے برسلز میں اگلے ہندوستان۔ ای یو سائبر ڈائیلاگ کے انعقاد پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**17 دسمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.